سوال

(30)بچہ بھی قبل بلوغ معصوم ہوتا ہے اور شہید بھی   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

بچہ بھی قبل بلوغ معصوم ہوتا ہے اور شہید بھی گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ بچہ کو غسل دیا جاتا ہے اور اس کا جنازہ بھی پڑھا جاتا ہے۔ مگر شہید کو نہ غسل دیا جاتا ہے اور نہ اس پر نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔ اس کا سبب اور اس میں فرق کیوں ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

شہید نے چونکہ اپنے عمل سے یہ درجہ پایا ہے اس لیے اُس کی بزرگی اور عظمت ظاہر کرنے کے لیے اس کا جنازہ نہیں پڑھا جاتا۔ بچہ نے اپنے اعمال سے کچھ حاصل نہیں کیا، بلکہ خدا نے اپنے فضل سے اس سے قلم اٹھایا ہوا ہے، کہ اُس کے گناہ نہیں لکھے جاتے اس لیے اس کا جنازہ پڑھتے ہیں۔

(عبداللہ امر تسری روپڑ) (فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۲ ص ۴۵۱)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 54-

محدث فتویٰ